# منقبت

کون جانے آپ کا کیا مرتبہ ہے فاطمہؑ
آپ کے در پر نبیؐ کا سر جھکا ہے فاطمہؑ

چاند سورج کی نگاہیں کس طرح دیکھیں تجھے
تیری چادر تو حجابِ کبریا ہے فاطمہؑ

آپ کے گھر میں ولادت کا تصور کیا کروں
مستقل اِک آیتوں کا سلسلہ ہے فاطمہؑ

مادرِ سادات سے افضل نہیں کوئی بھی ماں
کوئی صدیقہ نہیں بس فاطمہؑ ہے فاطمہؑ

اِن کی چکی کے ہی چکر میں ہے ساری کائنات
تو ابھی بھی پوچھتا ہے مجھ سے کیا ہے فاطمہؑ

دشمنِ زہراؑ پہ لعنت اِک نہیں دو تین بار
یہ ازل سے ہی خدا کا فیصلہ ہے فاطمہؑ

در جلایا جس نے خود مہدیؑ جلائیں گے اُسے
جلد بس اب تیرا بیٹا آ رہا ہے فاطمہؑ

منکرِ زہراؑ کا بس واحد جہنم ہے نصیب
بابِ جنت پر تو بس لکھا ہوا ہے فاطمہؑ

میں تبرہ خلق ہی کرتا نہیں بولا خدا
تیرے دشمن کے لئے کرنا پڑا ہے فاطمہؑ

میں حجاب اللہ کو سمجھوں گا کیسے ارسلاںؔ
بس سمجھ آیا تو یہ کہ معجزہ ہے فاطمہؑ

شاعرِ اہلِ بیتؑ: ارسلان اعظمیؔ